5/03/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں شیخ انوار الحق

وزیر اعظم

کے گیارہویں شمارے کا افتتاح Raisina Dialogue وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلی میں
افتتاح سیشن میں بحیثیت مہمان خصوصی Alexander Stubb کریں گے ۔ فن لینڈ کے صدر
شریک ہوں گے اور وہ کلیدی خطبہ دیں گے ۔

سے متعلق بھارت کی فلیگ شپ Geo-Economics اور Geo-Politics، Raisina Dialogue
کانفرنس ہے اور اس میں بین الاقوامی برادری کو در پیش سب سے سنگین مسائل کے حل پر
میں 110 ممالک کے مندوب شرکت کر رہے ہیں ۔ Dialogue بات چیت ہوتی ہے ۔ اس

وزیر اعلیٰ

ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جاں بحق کئے جانے کے خلاف اپنے
جذبات اور غصے کا اظہار پُر امن اور ذمہ دارانہ طور کرنے کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے وزیر
اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموںو کشمیر میں امن اور ہم آہنگی برقرار رکھنے پر زور دیا ہے ۔ SKICC
سرینگر میں سیول سو سائٹی ارکان اور مذہبی لیڈروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں عمر عبداللہ نے
کہا کہ غم و غصے کا اظہار شہریوں کا بنیادی حق ہے تاہم اس دوران امن و امان کا قیام یقینی
بنانا انتہائی ضروری ہے ۔

آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جاں بحق کئے جانے کو نا قابل تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے
وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موصوف کشمیریوں کے حقیقی ہمدرد تھے اور انہوں نے ہمیشہ بھارت کے

ساتھ دوستانہ تعلقات قائم رکھے ۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے کل ریاسی ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کر تے ہوئے وہاں ترقیاتی پروجیکٹوں کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کالی دھر مندر سے سمادھی گھائی جگی تک رابطہ سڑک کی تعمیر کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ یہ پروجیکٹ جلد از جلد مکمل کیا جانا چاہئے ۔ نائب وزیراعلیٰ نے سبھی زیر عمل پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان پروجیکٹوں کی تکمیل سے لوگوں کو طرح طرح کی سہولیات دستیاب ہوں گی ۔

جاوید احمد رانا

سابق وزیر عبد المجید وانی کی قیادت میں کل ایک وفد نے جموں میں جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا سے ملاقات کی جس دوران انہوں نے فاریسٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے کام کاج اور اسے تقویت بخشنے سے متعلق کئی امور پر تبادلہ خیال کیا ۔ وفد نے جنگلات سے عمارتی لکڑی نکالنے کے عمل میں سائنسی طریقہ کار اپنائے جانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس عمل سے عمارتی لکڑی کی دستیابی کے عمل کو تقویت حاصل ہوگی ۔ وزیر نے وفد کی طرف سے ابھارے گئے نقاط غور سے سنے اور یقین دلایا کہ ان پر مقررہ وقت کے اندر کاروائی کی جائے گی ۔

شوپیان

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شوپیان ڈاکٹر نثار احمد لون نے ضلع میں ماہی پروری کے شعبے کو تقویت بخشنے اور ماہی گیروں کی آمدنی بڑھانے کی خاطر ان میں 37 آئس بکس تقسیم کئے ۔ یہ آئس JKCIP کے تحت تقسیم کئے گئے ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ ان بکس ان ماہی گیروں میں ڈبوں کی مدد سے مچھلیوں کو خراب ہونے سے بچانے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ آسانی سے لانے ، لے جانے میں مدد ملے گی اور اس کے ماہی گیروں کی آمدنی پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے ۔ اس موقعہ پر فشریز انسپکٹر شریف احمد اور دیگر حکام بھی موجود تھے ۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے کل ضلع کے دمحال ہانجی پورہ سب ڈویژن کا دورہ کرتے ہوئے سب ضلع اسپتال اور Eklavya ماڈل Residential سکول کے کام کاج کا جائزہ لیا ۔ Eklavya ماڈل Residential سکول میں ہوسٹل بلاک اور پرنسپل کی قیام گاہ کی تعمیر کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے معلقہ ایگزیکیوٹیو انجینئر کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کے لئے ایک ٹائم فریم طے کریں ۔ سب ضلع اسپتال کے دورے کے دوران ضلع ترقیاتی کمشنر نے ضروری سہولیات کی دستیابی کا جائزہ لیا ۔

کپواڑہ

نوجوانوں کو با اختیار بنانے کی سمت میں ایک تاریخی اقدام کے بطور ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شریکانت سوسے نے کل ضلع کے ترہگام علاقے میں شمسی توانائی سے روشن ایک لائبریری اور Reading Room کا افتتاح کیا ۔ بلاک ڈیولپمنٹ آفس ترہگام کی طرف سے ریکارڈ مدت میں تیار کی گئی یہ سہولت علاقے کے نوجوانوں کی خاطر مسابقتی اور دیگر امتحانات کی تیاری کا ایک اہم مرکز بن کر ابھرے گی ۔ لائبریری میں شمسی توانائی سے چلنے والا Air Conditioning نظام نصب ہے اور یہاں پرقریب تین سو کتابیں بھی مہیا کرائی گئی ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****